روزنامہ الفضل ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

فون: ۴۴۹

ایڈیٹر: نسیم سیفی

جلد ۴۴-۷۹ نمبر ۲۳۰ | اتوار ـ ۱۰ ـ جمادی الاول ـ ۱۴۱۵ھ ۱۶ـ اخاء ۱۳۷۳ ہش ۱۶ ـ اکتوبر ۱۹۹۴ء

ایمان ہرگز درست نہیں ہو سکتا جب تک اپنے بھائی کے آرام کو مقدم نہ ٹھہراوے

میں سچ سچ کہتا ہوں کہ انسان کا ایمان ہرگز درست نہیں ہو سکتا جب تک اپنے آرام پر اپنے بھائی کا آرام حتی الوسع مقدم نہ ٹھہراوے۔ اگر میرا ایک بھائی میرے سامنے باوجود اپنے ضعف اور بیماری کے زمین پر سوتا ہے اور میں باوجود اپنی صحت اور تندرستی کے چارپائی پر قبضہ کرتا ہوں تا وہ اس پر بیٹھ نہ جاوے تو میری حالت پر افسوس ہے اگر میں نہ اٹھوں اور محبت اور ہمدردی کی راہ سے اپنی چارپائی اس کو نہ دوں۔ اور اپنے لئے فرش زمین پسند نہ کروں اگر میرا بھائی بیمار ہے اور کسی درد سے لاچار ہے تو میری حالت پر حیف ہے اگر میں اس کے مقابل پر امن سے رہوں اور اس کے لئے جہاں تک میرے بس میں ہے آرام رسانی کی تدبیر نہ کروں۔ (حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ)

ارشادات حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ

دیکھو جب انسان خدا سے مدد چاہتا ہے اور اپنے آپ کو عاجز جانتا ہے اور گردن فرازی نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ خود اس کی مدد کرتا ہے۔ ایک مکھی ہے کہ گندگی پر گرتی ہے اور دوسری کو خدا نے عزت دی کہ سارا جہان اس کا شہد کھاتا ہے یہ صرف اس کی طرف جھکنے کی وجہ سے ہے۔ پس انسان کو چاہئے کہ ہر وقت (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں) پر کاربند رہے اور اسی سے توفیق طلب کرے۔ ایسا کرنے سے انسان خدا کی تجلیات کا مظہر بھی بن سکتا ہے۔ چاند جب آفتاب کے مقابل میں ہوتا ہے تو اُسے نور ملتا ہے مگر جوں جوں اس سے کنارہ کشی کرتا ہے توں توں اندھیرا ہوتا جاتا ہے۔ یہی حال ہے انسان کا۔ جب تک اس کے دروازہ پر گرا رہے اور اپنے آپ کو اس کا محتاج خیال کرتا رہے تب اللہ تعالیٰ اسے اٹھاتا اور نوازتا ہے ورنہ جب وہ اپنی قوت بازو پر بھروسہ کرتا ہے تو وہ ذلیل کیا جاتا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص ۱۲۶ـ۱۲۵)

سانحہ ارتحال

○ محترمہ خورشید بیگم صاحبہ زوجہ مکرم احمد عبدالمنیب صاحب ۱۲/۳۵ فیکٹری ایریا ربوہ سابقہ رہائشی ڈی ٹائپ کالونی فیصل آباد مورخہ ۱۰ـ اکتوبر ۹۴ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں وفات پاگئیں۔ ان کی عمر ۵۲ سال تھی۔ آپ کے دو بیٹے مکرم اسفند یار منیب صاحب اور مکرم خالد محمود صاحب مربیان سلسلہ ہیں اور آپ کے دو بیٹے مکرم احمد عبدالجمیل صاحب (جاپان) اور مکرم شہریار منیب صاحب زونل انچارج بوسنین سیل (جرمنی) بیرون ملک ہیں۔ مورخہ ۱۱ـ اکتوبر کو جنازہ مکرم و محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب نے احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں پڑھایا۔ بعد از تدفین مکرم مولانا محمد اسماعیل صاحب منیر نے دعا کروائی۔ موصوفہ کی بلندی درجات کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

○ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم ظہیر احمد صاحب مربی سلسلہ ابن مکرم مولانا منیر الدین احمد صاحب مربی سلسلہ کو مورخہ ۶ـ اکتوبر ۹۴ء کو بیٹی عطا فرمائی ہے۔ بچی مکرم محمد صادق صاحب آف فیکٹری ایریا نیچر نصرت جہاں اکیڈمی کی نواسی ہے۔

اللہ تعالیٰ بچی کو نیک صالحہ اور خادمہ دین بنائے۔

○ مکرم خالد مسعود مرزا صاحب مالٹن مسس ساگا کینیڈا کو مورخہ ۲۰ـ جولائی ۹۴ء کو اللہ تعالیٰ نے تیسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع نے ازراہ شفقت نومولود کا نام سرمد احمد مرزا عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو میں شامل ہے۔ نومولود مکرم مرزا فضل الرحمان صاحب ابن حضرت بھائی مرزا برکت علی صاحب آف قادیان (رفیق بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ) کا نواسہ اور مکرم مرزا مسعود احمد صاحب ابن مکرم مرزا منظور احمد صاحب آف قادیان (وفات یافتہ) کا پوتا ہے۔

احباب کرام سے بچے کے خادم دین بننے اور درازی عمر کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

اعلیٰ درجہ کے لوگ نیکیوں میں آگے نکل جانے والے ہوتے ہیں

(حضرت امام جماعت احمدیہ الاول)

ابرار بننے کے لئے مندرجہ بالا اصول کو اپنا دستور العمل بنانا چاہئے۔ میں نے ذکر یہ شروع کیا تھا کہ شاکر گروہ کا دوسرا نام قرآن کریم نے ابرار رکھا ہے اور ان کی جزا یہ بتلائی ہے کہ کافوری پیالوں سے پئیں گے۔ چنانچہ فرمایا (-----) پہلے ان کو اس قسم کا شربت پینا چاہئے کہ اگر بدی کی خواہش پیدا ہو تو اس کو دبا لینے والا ہو۔ کافور کہتے ہی دبا دینے والی چیز کو ہیں۔ اور کافور کے طبی خواص میں لکھا ہے کہ وہ سمی امراض کے مواد ردیہ اور فاسدہ کو دبا لیتا ہے اور اسی لئے وبائی امراض طاعون اور ہیضہ اور تپ وغیرہ میں اس کا استعمال بہت مفید ہے۔ تو پہلے انسان یعنی سلیم الفطرت انسان کو کافوری شربت مطلوب ہے۔ قرآن کریم نے ایک دوسرے مقام پر فرمایا ہے۔ (-----)

پھر وارث کیا ہم نے اپنی کتاب کا ان لوگوں کو جو برگزیدہ ہیں۔ پس بعض ان میں سے ظالموں کا گروہ ہے جو اپنے نفس پر ظلم کرتے ہیں اور جبر و اکراہ سے نفس امارہ کو خدا تعالیٰ کی راہ پر چلاتے ہیں اور نفس سرکش کی مخالفت اختیار کر کے مجاہدات شاقہ میں مشغول ہیں۔

دوسرا گروہ میانہ رو آدمیوں کا ہے جو بعض خدمتیں خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنے نفس سرکش سے یہ جبر و اکراہ لیتے ہیں اور بعض الٰہی کاموں کی بجا آوری میں نفس ان کا بخوشی خاطر تابع ہو جاتا ہے اور ذوق اور شوق اور محبت اور ارادت ہے۔ ان کاموں کو بجا لاتا ہے۔ غرض یہ لوگ کچھ تو تکلیف اور مجاہدہ سے خدا تعالیٰ کی راہ پر چلتے ہیں اور کچھ طبعی جوش اور دلی شوق سے بغیر کسی تکلیف کے اپنے رب جلیل کی فرمانبرداری ان سے صادر ہوتی ہے۔

تیسرے سابق بالخیرات اور اعلیٰ درجہ کے آدمیوں کا گروہ ہے جو نفس امارہ پر بکلّی فتحیاب ہو کر نیکیوں میں آگے نکل جانے والے ہیں۔

(از خطبہ ۲۰ اکتوبر ۱۸۹۹ء)

تم راستباز اس وقت بنو گے جبکہ تم ایسے ہو جاؤ کہ ہر ایک کام کے وقت، ہر ایک مشکل کے وقت قبل اس کے جو تم کوئی تدبیر کرو اپنا دروازہ بند کرو اور خدا کے آستانہ پر گرو کہ ہمیں یہ مشکل پیش ہے اپنے فضل سے مشکل کشائی فرما۔ تب روح القدس تمہاری مدد کرے گی اور غیب سے کوئی راہ تمہارے لئے کھولی جائے گی۔

(حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ)

روزنامہ
الفضل
ربوہ

پبلشر: آغا سیف اللہ- پرنٹر: قاضی منیر احمد
مطبع: ضیاء الاسلام پریس - ربوہ
مقام اشاعت: دارالنصر غربی - ربوہ

قیمت
دو روپیہ

۱۶- اخاء- ۱۳۷۳ ھش — ۱۶- اکتوبر ۱۹۹۴ء

مشعلِ راہ

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ (ہماری دلی دعائیں آپ کے لئے) فرماتے ہیں :-

○ اپنی جانوں پر رحم کرو اور جو لوگ خدا سے بکلی علاقہ توڑ چکے ہیں اور ہمہ تن اسباب پر گر گئے ہیں یہاں تک کہ طاقت مانگنے کے لئے وہ منہ سے (اگر خدا نے چاہا) بھی نہیں نکالتے۔ ان کے پیرو مت بن جاؤ۔ خدا تمہاری آنکھیں کھولے تا تمہیں معلوم ہو کہ تمہارا خدا تمہاری تمام تدابیر کا شہتیر ہے اگر شہتیر گر جائے تو کیا کڑیاں اپنی چھت پر قائم رہ سکتی ہیں؟ نہیں بلکہ یک دفعہ گریں گی اور احتمال ہے کہ ان سے کئی خون بھی ہو جائیں اسی طرح تمہاری تدابیر بغیر خدائی مدد کے قائم نہیں رہ سکتیں۔

○ جو شخص خدا کو چھوڑ کر اسباب پر ہی بھروسہ کرتا ہے وہ مشرک ہے۔ قدیم سے خدا کہتا چلا آیا ہے کہ پاک دل بننے کے سوا نجات نہیں۔ سو تم پاک دل بن جاؤ اور نفسانی کینوں اور غصوں سے الگ ہو جاؤ۔ انسان کے نفس امارہ میں کئی قسم کی پلیدیاں ہوتی ہیں مگر سب سے زیادہ تکبر کی پلیدی ہے۔ اگر تکبر نہ ہوتا تو کوئی شخص کافر نہ ہوتا۔ سو تم دل کے مسکین بن جاؤ۔

○ اے لوگو! خدا سے ڈرو اور در حقیقت اس سے صلح کر لو اور سچ مچ صلاحیت کا جامہ پہن لو اور چاہئے کہ ہر ایک شرارت تم سے دور ہو جائے خدا میں بے انتہا عجیب قدرتیں ہیں۔ خدا میں بے انتہا طاقتیں ہیں۔ خدا میں بے انتہا رحم اور فضل ہے۔ وہی ہے جو ایک ہولناک سیلاب کو ایک دم میں خشک کر سکتا ہے وہی ہے جو مہلک بلاؤں کو ایک ہی ارادہ سے اپنے ہاتھ سے اٹھا کر دور پھینک دیتا ہے۔ مگر یہ قدرتیں انہی پر کھلتی ہیں جو اس کے ہی ہو جاتے ہیں۔

○ چاہئے کہ تمہارا سچ مچ یہ عقیدہ ہو کہ ہر ایک برکت آسمان سے ہی اترتی ہے۔ تم راستباز اس وقت بنو گے جب کہ تم ایسے ہو جاؤ کہ ہر ایک کام کے وقت' ہر ایک مشکل کے وقت قبل اس کے جو تم کوئی تدبیر کرو اپنا دروازہ بند کرو اور خدا کے آستانہ پر گرو کہ ہمیں یہ مشکل درپیش ہے اپنے فضل سے مشکل کشائی فرما۔ تب روح القدس تمہاری مدد کرے گی۔ اور غیب سے کوئی راہ تمہارے لئے کھولی جائے گی۔

○ تم اس کی جماعت ہو جن کو اس نے نیکی کا نمونہ دکھانے کے لئے چنا ہے۔ سو جو شخص بدی نہیں چھوڑتا اور اس کے لب جھوٹ سے اور اس کا دل ناپاک خیالات سے پرہیز نہیں کرتا وہ اس جماعت سے کاٹا جائے گا اے خدا کے بندو! دلوں کو صاف کرو اور اپنے اندرونوں کو دھو ڈالو۔ اپنی جانوں پر رحم کرو اور اپنی ذریت کو ہلاکت سے بچاؤ۔ کبھی ممکن ہی نہیں کہ خدا تم سے راضی ہو۔ حالانکہ تمہارے دل میں اس سے زیادہ کوئی اور عزیز بھی ہے اس کی راہ میں فدا ہو جاؤ۔ اور اس کے لئے محو ہو جاؤ اور ہمہ تن اس کے ہو جاؤ اگر چاہتے ہو کہ اسی دنیا میں خدا کو دیکھ لو۔

خدا کا شکر ہے تم نے ہمیں شاعر نہیں مانا
تمہارا ذوق' ذوق دین و مذہب سے ہے بیگانہ
تمہیں راس آگئی ہے میکدہ کی رونقِ محفل
ہمارے جان و دل ہیں اور الطافِ کریمانہ

ابوالاقبال

○

بے وفا سے وفا طلب کی ہے
تم نے جو بات کی عجب کی ہے

یہ شکایت جو زیرِ لب کی ہے
ہم نے اک بات بے سبب کی ہے

آج کا دن طویل تھا کتنا
آج برسوں کے بعد شب کی ہے

گھر میں بیٹھے رہو خدا کے لئے
شہر میں تیرگی غضب کی ہے

کاش سب کو نصیب ہو جائے
موت جو ہم نے منتخب کی ہے

وہی ہوگا جو اس کو ہے منظور
یعنی مرضی جو میرے رب کی ہے

کون ہے جو نہیں اسیر اس کا
عشق تقصیر ہے تو سب کی ہے

وہی محبوب ہے وہی مقصود
بات کی ہے اسی کی جب کی ہے

اس کی آواز کے گلے لگ کر
اپنی آواز بھی طلب کی ہے

روز اوّل سے کرتے آئے ہیں
یہ گذارش جو ہم نے اب کی ہے

ہم تو جیسے بھی ہیں اسی کے ہیں
اک یہی بات ہم میں ڈھب کی ہے

تم بھی **مضطر** اٹھو کہ یار نے آج
جسم مانگا ہے جاں طلب کی ہے

چوہدری محمد علی

ہومیو پیتھک کلاس نمبر ۳۶

ہیضہ کا ہومیو پیتھی سے زیادہ سستا اور مؤثر علاج ممکن نہیں

حفظ ماتقدم کے لئے آرنیکا اور سلفر۔ ابتدائی علامات میں کیمفر اور ایکونائیٹ بیماری بڑھ جائے تو کاربو ویج، ویریٹرم البم، گہری انفیکشن کے لئے بپٹیشیا ہیضہ ہو جائے تو کیوپرم، کروٹن اور آرسنک کا استعمال کرائیں

حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع کے ارشادات ہومیو پیتھی کلاس مورخہ ۱۳- ستمبر ۱۹۹۴ء کا خلاصہ

(یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

لندن: ۱۳- ستمبر حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع نے احمدیہ ٹیلی ویژن کے پروگرام ملاقات میں ہومیو پیتھی کلاس میں آج بطور خاص ہیضہ کے علاج کے بارے میں اہم باتیں ارشاد فرمائیں۔

حضرت صاحب نے فرمایا۔ روانڈا میں ہیضہ پھیلا ہوا ہے۔ زائر سے ہمارا رابطہ ہے۔ انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ ہومیو پیتھک علاج کے لئے ٹیمیں بھجوائی گئی ہیں یا نہیں۔ زائیر کے نئے مربی انچارج نے خدا کے فضل سے بہت اچھا کام سنبھال لیا ہے۔ وہ ہیضہ کے علاج کے لئے ٹیمیں بنائیں اور دوسری امداد کے لئے بھی رابطے کریں۔ اور زائد خرچ کا مجھ سے مطالبہ کریں۔

حضرت صاحب نے فرمایا ہیضہ کا ہومیو پیتھی سے زیادہ سستا اور مؤثر علاج ممکن نہیں۔ ویکسی نیشن کے علاج سے بہت بھاری اخراجات اٹھتے ہیں۔ جب کہ ہومیو پیتھک دوائیں معمولی پلاسٹک کی شیشیوں میں میٹھی گولیاں بنا کر دی جاتی ہیں۔ ان کے استعمال سے اول تو ہیضہ ہوگا نہیں یا ہوگا تو بہت ہلکا۔

بنگلہ دیش میں ہیضہ پھوٹنے کی اطلاعات ملی ہیں۔ بہار بنگال اور اڑیسہ سے بھی ایسی ہی اطلاعات مل رہی ہیں۔ سیلاب آ رہے ہیں۔ اس سے قادیان کے گرد بھی خطرہ ہے کہ ہیضہ پھوٹ پڑے گا جب یہ ایک دفعہ پھوٹ پڑے تو پھر بڑی تیزی سے پھیلتا ہے۔ اس پر ہم ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) کی ایک فلم بھی اردو ترجمہ کر کے دکھائیں گے۔ خطرناک ڈراؤنے مناظر دیکھ کر تکلیف تو ہوتی ہے مگر مجبوری ہے۔ سندھ میں بھی ہیضہ پھوٹنے کی اطلاعات ملی ہیں۔ کراچی میں بھی خطرہ ہے۔ افریقہ کے ممالک بھی اس کا علاج نوٹ کریں۔ ہیضہ عالمی طور پر پھوٹ رہا ہے۔

ہومیو پیتھی کے علاج سے نہایت معمولی قیمت پر کثرت سے بنی نوع انسان کو فائدہ ہو سکتا ہے۔ اس کی روک تھام بھی کریں اور علاج بھی کریں۔ علاج کرنے والے جہاں جائیں وہاں اپنا پانی ساتھ لے کر جائیں۔ خود کو خطرہ میں نہ ڈالیں۔ یا جہاں جائیں وہاں پانی ابال کر پئیں۔ سلفر احتیاطی طور پر دی جاتی ہے اور جہاں وبا پھیلی ہو وہاں آرنیکا کو بھی ساتھ ملا لیا جائے۔

آرنیکا عام طور پر صرف چوٹوں کے علاج کے لئے دی جاتی ہے۔ لیکن یہ بہت گہری اور فائدہ مند دوا ہے۔ وضع حمل سے پہلے اگر دی جائے تو بخار اور پیچیدگیاں نہیں ہوتیں۔ غریب ممالک میں ایسے مسائل سے عورتیں ساری عمر مصائب میں مبتلا رہتی ہیں۔ پیدائش سے پہلے اس کو دینے کا رواج ڈالا جائے۔

آرنیکا ملیریا کی بھی احتیاطی Preventive دوا ہے۔ افریقہ میں جہاں ملیریا کا رجحان پایا جائے باقاعدگی سے آرنیکا چند دن روزانہ ۲۰۰ کی خوراک دس پندرہ دن دی جائے۔ تو ملیریا کے خلاف واضح مدافعت پیدا ہو جاتی ہے۔ ٹائیفائیڈ کے خلاف بھی اس سے مدافعت پیدا ہوتی ہے۔ یہ بہت اہم دوا ہے جس سے فائدہ نہیں اٹھایا گیا۔ اور اسے صرف چوٹوں کی دوا بنا دیا گیا ہے۔ وہ موسمی حالات جن میں ہیضہ ہو وہی ملیریا اور ٹائیفائیڈ کے لئے بھی ممد ہوتے ہیں۔

سلفر ۲۰۰ اور
آرنیکا ۲۰۰ ملا کر

ضرورت پڑے تو دن میں دو دفعہ بھی احتیاطی طور پر دیں ڈاکٹر کینٹ کہتے ہیں کہ بہت اونچی طاقت میں دی جائے تو بہت مفید ہوتی ہے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کینٹ کے بارے میں میرا تجربہ ہے کہ یہ درست بات کہتے ہیں۔ آرنیکا ایک لاکھ یا دس ہزار کی طاقت میں حفظ ماتقدم کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے۔ میں نے اس کا استعمال نہیں کیا۔ اس کا تجربہ کر کے اثرات سے مجھے آگاہ کریں۔

جب ہیضہ ہو جائے حضرت صاحب نے فرمایا جب ہیضہ ہو جائے تو کیوپرم Cuprum مفید ہے۔ یہ پیٹ کے خوفناک تکلیف دہ تشنج کی دوا ہے۔ چہرے پر نیلاہٹ۔ خون کی نالیاں اور مسلز muscles سکڑ گئے ہوں ہاتھ پاؤں مڑتے ہوں۔ اس لحاظ سے مرگی میں بھی کیوپرم بہت مفید ہے۔ تشنج کا آغاز انگلیوں اور ہاتھوں سے ہوتا ہے۔ جوڑوں کے کناروں سے شروع ہو کر اندر کی طرف حرکت کرتا ہے۔ گردن بھی مڑ جاتی ہے۔ اس کی ایک دو خوراکیں بہت جلدی اثر دکھاتی ہیں۔

کافور یعنی کیمفر Camphora X۶ میں اور ۳۰ میں حفظ ماتقدم کی بجائے ہیضہ کے بالکل شروع کی علامات میں مؤثر ہے۔ جہاں ہیضے کی علامات کا آغاز ہو فوراً دیں۔ ہر قسم کے ہیضہ کے آغاز میں کیمفر کام کرے گی۔ ہر بیماری کے آغاز میں مثلاً انفلوئنزا ہو رہا ہو وہاں بھی مفید ہے۔ یہ حرارت غریزی کو اٹھا دیتی ہے زکام کے آغاز میں بھی فائدہ مند ہے۔ لیکن اگر بیماری ہو جانے کے بعد جسم ٹھنڈا ہو جائے تو وہ کیمفر کا موقع نہیں اس وقت کاربو ویج کا موقع ہے۔ ہر بیماری کے آغاز میں کیمفر دیں۔ بیماری بڑھ جائے تو کاربو ویج دیں۔ ہیضے کے بارے میں یاد رکھیں کہ کیمفر کی علامتیں پیٹ کا پھولنا، معمولی اجابت، تشنج سخت نہیں، کمزوری اور ٹھنڈے پسینے ٹیمپریچر نہیں ہوتا بلکہ بعض دفعہ گر چکا ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں ایک اور دوا ویریٹرم البم Veratrum Album تشنج ہو مگر پنڈلیوں کا۔ کیوپرم پیٹ کے اندر کے تشنج کے لئے ہے۔ ویریٹرم البم کی بڑی علامات بڑے کھلے اسہال جو آناً فاناً جسم کو پانی سے خالی کر دیتے ہیں۔ بڑے اسہال اور بڑی قے اس کی نمایاں پہچان ہیں۔ مریض موت اور زندگی کے درمیان لٹک جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے اکثر مریض شفا پا جاتے ہیں۔ اگر گہری انفیکشن ساتھ شامل ہو جائے تو بپٹیشیا Baptisia اس وقت جب گہری انفیکشن کی وجہ سے تمام طاقتیں ختم ہو جائیں۔ بہت بدبودار اجابت ہو۔ ایک اور دوا اس سلسلے میں کروٹن Croton تشنج، جلدی بیماریاں، کھلے کمزور کرنے والے دست بھی ہوں۔ آرسنک Arsenic ۳۰ میں یا ۲۰۰ میں شدید بے چین مریض۔ بے چینی تکلیف کی وجہ نہیں بلکہ ذہنی طور پر ہوتی ہے۔ روحانی بے قراری۔ مریض عذاب میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ کسی کروٹ چین نہیں آتا۔ موت کا خوف جبکہ بیلا ڈونا میں موت سے بے پرواہی ہے۔

ایکونائیٹ بھی آغاز کی دواؤں میں بہت اہم ہے۔ جہاں آغاز میں کیمفر کام کرنے سے رک جائے وہاں اس کے بعد ایکونائیٹ کی باری آتی ہے۔ بہت جلدی فیصلے کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آغاز میں ایکونائیٹ دینے سے بیماری کی پیچیدگیاں نہیں ہوتیں۔ حضرت صاحب نے دواؤں کو دوہراتے ہوئے فرمایا۔ ہیضہ میں سب سے پہلے کیمفر دیں۔ یہ نہ ٹھیک کرے تو ایکونائیٹ دیں۔ یہ نہ ٹھیک کرے تو مرض کی علامات کے تحت کارروائی کریں۔ ہیضہ کے حفظ ماتقدم کے طور پر آرنیکا ۲۰۰ اور سلفر ۲۰۰ ہفتے میں ایک دفعہ۔ مگر دن میں تین دفعہ بھی دے کر دیکھی ہے ان ادویہ کی ترتیب یوں ہوگی۔ سب سے پہلے حفظ ماتقدم کے لئے۔ آرنیکا اور سلفر پھر کیمفر پھر ایکونائیٹ۔

حضرت صاحب نے فرمایا کیمپوں میں جانے کے لئے کثرت سے والنٹیئر ساتھ لیں۔ مقامی احمدی، غیر احمدی، غیر مسلم عیسائی وغیرہ۔ جہاں ان مقامی لوگوں کو پہنچ ہوگی آپ کی نہیں ہو سکتی۔ پہلے ان کو ٹریننگ دیں۔ ایک سے چھ گھنٹے کی ٹریننگ ہو سکتی ہے۔ مائع Liquid دوا کی شیشیاں ساتھ لے جائیں اصل دواؤں سے دوائیاں تیار کریں۔ پانی کے سو قطروں میں ایک قطرہ دوائی کا یا ۹۹ قطرے پانی میں ایک قطرہ دوا کا ملائیں دوا کی بیشی کا فرق نہ کریں۔ میں نے ۱۰-۱۰ سال اور ۱۵-۱۵ سال دوائیاں چلائی ہیں۔ جب کم ہو جاتی تھیں اور پانی ڈال لیتا تھا۔ کبھی ایسی دواؤں نے مایوس نہیں کیا۔

دوائی بنانے کا طریق شیشی لیکر پہلے

باقی صفحہ ۴ پر

نسیم سیفی

کاغذی ہے پیرہن

مکرم عبداللطیف صاحب سنکوہی اب اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں۔ دعوت الی اللہ کے سلسلے میں لاہور میں کئے گئے کام کی یادیں ہمیشہ تازہ رہیں گی اور انہیں دلوں اور ذہنوں میں زندہ رکھنے کا باعث بنیں گی۔ کاغذ کا کاروبار کرتے تھے اور دیگر افراد کا تو مجھے پتہ نہیں لیکن میرے ساتھ ان کا ایسا مشفقانہ رویہ تھا کہ ادھر کاغذ کی بات کی اور ادھر آپ نے کہا لے جاؤ۔ بس لے جاؤ۔ باقی باتیں بعد میں دیکھی جائیں گی۔ ایک تاجر کا یہ محبت آمیز رویہ کبھی بھلایا نہیں جاسکتا۔ سب سے پہلے پہل ان کے ساتھ یوں رابطہ ہوا کہ میں نائیجیریا سے ۱۹۶۴ء میں واپس آیا تو یہ بھی ان دنوں ربوہ ہی میں تھے۔ مجھے شام کے کھانے پر مدعو کیا اور بغیر زیادہ واقفیت کے خوب گھل مل گئے۔ کچھ اپنی باتیں بھی سنائیں کچھ میری باتیں بھی سنیں اور جب مجھے یہ میرے گھر پر چھوڑنے کے لئے میرے ساتھ آئے تو مجھے ابھی اپنے گھر کا بھی پوری طرح پتہ نہیں تھا۔ میں نے کہا شائد۔ یہیں کہیں میرا مکان ہے۔ مسکرائے اور کہنے لگے اپنے گھر کا بھی پتہ نہیں چلتا بہرحال یہ تھا ان سے پہلا رابطہ۔ اس کے بعد ان کی کارگذاری کے متعلق سنتا بھی رہا اور ان سے ملتا بھی رہا۔ ایک دو روز لاہور میں ان کے گھر پر قیام بھی کیا۔ یہ تصویر جو اس وقت پیش نظر ہے۔ یہ اسی موقعہ کی ہے۔ مکرم و محترم صوفی بشارت الرحمان صاحب اور خاکسار کو لاہور کی مجلس انصار اللہ نے کسی تقریب کے لئے بلایا تھا۔ ریلوے سٹیشن پر محترم عبداللطیف صاحب سنکوہی اور مکرم عبدالوہاب صاحب سابق امیر اسلام آباد جو ان دنوں لاہور میں رہائش پذیر تھے۔ موجود تھے۔ وہاں سے یہ دونوں حضرات ہم دونوں کو سیدھے ایک فوٹو سٹوڈیو میں لے گئے جس کے متعلق کہا جاتا تھا کہ لاہور کا مشہور ترین اور بہترین سٹوڈیو ہے اور وہاں ہم چاروں کی ایک تصویر لی گئی یہ وہی تصویر ہے۔ اس میں دائیں جانب سے محترم عبداللطیف صاحب سنکوہی محترم صوفی بشارت الرحمان صاحب خاکسار نسیم سیفی اور مکرم عبدالوہاب صاحب بیٹھے ہیں۔ محترم صوفی صاحب اور خاکسار کے گلے میں پھولوں کے ہار ہیں اس وقت تو اس بات کا احساس نہیں ہوا اب شدت سے اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ ہماری جماعت کے دوست مربیوں کی کس قدر عزت کرتے ہیں اور کتنی ان سے محبت کرتے ہیں۔ اس تصویر میں صوفی صاحب کے گلے میں ایک دو ہار ہیں اور مجھے ہاروں سے لادا ہوا ہے۔ محترم سنکوہی صاحب اگرچہ محترم صوفی بشارت الرحمان صاحب کی بھی بڑی عزت کرتے تھے اور ان کے علم کے بڑے قدردان تھے لیکن مربی کو سلسلے کا جانباز سپاہی سمجھتے ہوئے اس کی عزت اور قدر و منزلت ان کے دل میں بہرحال دوسرے دوستوں سے زیادہ ہوتی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسی وجہ سے انہوں نے میرے گلے میں زیادہ ہار ڈالے۔ اس وقت مجھے اس بات کا احساس ہو جاتا تو میں اپنے گلے کے ہار اتار کر محترم صوفی بشارت الرحمان صاحب کے گلے میں ڈال دیتا۔ کہ میرے لئے وہ بچپن ہی سے ایک محترم ہستی تھے۔ میں نے شروع شروع میں جب مختلف بیوت الحمد میں ان کی تقاریر سنی شروع کیں تو میرے دل پر اس بات کا اثر ہوا کہ اس کم عمری میں بھی آپ کی زبان نہایت شستہ اور آپ کا موضوع نہایت مربوط ہوتا تھا۔ اور پھر ساری عمر مجھے ان کی ان خوبیوں نے ان کا گرویدہ رکھا۔ بعض اوقات بعض معاملات پر اختلاف بھی ہو جاتا تھا لیکن میرا ان کے لئے احترام قائم رہتا۔ میں اور وہ چند روز انگلستان میں جلسہ سالانہ کے موقعہ پر ایک ہی کمرہ میں بھی رہے اور یہ مجلسیں بہت خوب خوب تھیں۔ بہت لطف آیا۔ ان کی منکسر المزاجی کا (ایک رنگ میں) یہ عالم تھا کہ مجھ سے ہر بات میں مشورہ کرتے اور بار بار کہتے کہ میں نے آپ کو اپنا استاد مان لیا ہے۔ اب میں ہمیشہ اس طرح بات کروں گا جس طرح ایک شاگرد استاد سے کرتا ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ تو ہر رنگ میں منجھے ہوئے استاد تھے اور میں شائد ایک اچھا شاگرد بھی نہیں ہوں۔ بہرحال اس تصویر میں میرے سب سے بائیں طرف مکرم شیخ عبدالوہاب صاحب بیٹھے ہیں۔ انتظامی طور پر سخت ہیں یا نرم۔ اس کا تو مجھے پتہ نہیں اس لئے کہ میں کبھی اسلام آباد زیادہ دیر ٹھہرا نہیں لیکن یہ میں جانتا ہوں کہ انفرادی طور پر وہ نہایت منکسر المزاج اور مؤدب ہیں۔ بعض اوقات مجھ سے بات کرتے ہیں تو لجاجت کی یہ حالت ہوتی ہے کہ مجھے شرمندگی سے سر جھکا لینا پڑتا ہے۔ وہ ایک لمبے عرصے تک اسلام آباد کی جماعت کے امیر رہے ہیں جب یہ تصویر لی گئی تھی۔ اس وقت وہ لاہور میں قیام پذیر تھے۔ اور ریلوے سٹیشن پر محترم سنکوہی صاحب کے ساتھ ان کا جانا اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ سنکوہی صاحب ہی کی طرح وہ بھی ہمہ وقت سلسلہ کے کاموں کے لئے تیار رہتے تھے مجلس انصار اللہ لاہور کی کسی تقریب کے لئے ہمیں لاہور بلایا گیا تھا۔ اس تقریب کے بعد سنکوہی صاحب نے چاہا کہ ہم ایک دو دن مزید وہاں ٹھہریں اور ان کی رہائش گاہ پر درس کا بھی انتظام ہو۔ چنانچہ درس بھی ہوا اور درس کے علاوہ دیگر مجلسیں بھی قائم ہوئیں جنہیں آج کل سوال و جواب کی مجلسیں کہا جاتا ہے۔ خاکسار نے تو ان مجالس میں کم کم حصہ لیا اس لئے کہ مسائل زیادہ تر پاکستانی تھے اور خاکسار کو باہر سے واپس ملک آئے ابھی تھوڑا ہی عرصہ ہوا تھا لیکن محترم صوفی بشارت الرحمان صاحب نے نہایت مربوط طریق پر اپنی گرجدار آواز میں سوالوں کے جواب دے کر لوگوں کے دلوں کو طمانیت بخش دی۔ سنکوہی صاحب بھی بہت خوش ہوئے۔ انہیں خاص طور پر اس بات کی خوشی تھی کہ یہ درس اور مجلسیں ان کی رہائش گاہ کا حصہ تھیں۔ بعض اور مربیوں کے جانے پر بھی وہ اپنے ہاں اس قسم کی تقریبات منعقد کیا کرتے تھے۔ لیکن اس دفعہ چونکہ سوال کے جواب محترم صوفی بشارت الرحمان صاحب نے دئے تھے اور کسی کسی جگہ پر مجھے بھی لقمہ دینے کی سعادت حاصل ہوئی تھی۔ اس لئے یوں لگتا تھا کہ وہ خوشی سے پھولے نہیں سماتے۔ یہ بھی انہی مصروفیات میں مسرت کے جذبے کی غمازی کرتے۔ دو تین دن لاہور میں قیام کرنے کے بعد محترم صوفی صاحب اور خاکسار ربوہ واپس آگئے۔ لیکن اس دورے کی یاد۔ دورے کے سوا اسے اور کیا نام دیا جا سکتا ہے۔ دیر تک قائم رہی۔ سنکوہی صاحب جب ملتے اس کا ذکر کرتے۔ اگرچہ بعض باتیں ذہن سے اتر جائیں تو کچھ کی کچھ ہو جاتی ہیں۔ مثلاً ایک دفعہ کسی دوست سے میرا تعارف کروانے لگے تو بڑی خوشی اور بڑے جوش سے کہا کہ ان سے ملئے یہ ایک لمبے عرصے تک جنوبی افریقہ میں رہے ہیں۔ حالانکہ میں نے زندگی بھر جنوبی افریقہ دیکھا بھی نہیں ہے۔ میں نے تو سارا وقت مغربی افریقہ ہی میں خدمات دین سر انجام دیتے ہوئے گذارا ہے بہرحال تعارف کے وقت یہ ضروری نہیں تھا کہ دوسرے دوست کو یہ معلوم ہو کہ میں کہاں رہا ہوں۔ نام ہی کافی ہے لیکن میں تھوڑا سا مسکرایا اور بعد میں سنکوہی صاحب سے پوچھا کہ جنوبی افریقہ میں کب رہا ہوں۔ کہنے لگے کہ اور کہاں رہے ہو سارا عرصہ تو تمہاری رپورٹیں وہاں سے آتی رہی ہیں۔ میں نے گذارش کی کہ بات یہ نہیں ہے اور آپ صرف جنوبی افریقہ اور مغربی افریقہ کو ایک دوسرے سے ملا رہے ہیں۔ میں تو ساری عمر یعنی دعوت الی اللہ کی ساری عمر مغربی افریقہ میں رہا ہوں۔ مسکرا کر کہنے لگے عجیب بات ہے۔ مجھے اچھی طرح پتہ ہے کہ آپ مغربی افریقہ میں رہے ہیں لیکن ذہن سے یہ بات ایسے اتری کہ اب میں کچھ کہہ نہیں سکتا۔ بہرحال ان کے ساتھ بہت دیر تک ملاقاتیں رہیں اور محترم شیخ عبدالوہاب صاحب سے تو اب بھی کبھی نہ کبھی ملنے کا موقعہ مل ہی جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں لمبی زندگی عطا کرے اور ہر رنگ میں خدمات دینیہ کی توفیق دیتا چلا جائے۔ جیسے کہ پہلے کہا گیا ہے سنکوہی صاحب اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں اور محترم صوفی بشارت الرحمان صاحب بھی اب اس دنیا میں موجود نہیں۔

بقیہ صفحہ ۳

اس پر چیٹ لگائیں۔ پلاسٹک کی شیشی پر سٹکر چاہیئے۔ اگر نہ ملے تو دھاگے کے ساتھ کارڈ باندھ کر شیشی کی گردن میں لٹکا دیں۔ سریش استعمال نہ کریں یہ اتر جاتی ہے۔ دوائی بنانے کی ترتیب یہ ہو کہ چٹ لگانے سے پہلے Liquid ڈالیں۔ پھر شیشی بند کر کے اسے پونچھ لیں صاف کرلیں۔ بعد میں لیکوئڈ ڈالیں گے تو الفاظ خراب ہو جائیں گے۔ ان شیشیوں کو ایک طرف رکھتے جائیں ایک شیشی اٹھائیں۔ ایک قطرہ ڈالیں۔ زیادہ بھی پڑ جائیں تو فکر کی بات نہیں۔ مگر دوا بچانے کی خاطر ضرورت صرف ایک قطرے کی ہے۔ دو دفعہ یا زیادہ حرکت کریں۔ پھر چٹ پر ٹک Tick لگا دیں اس کا مطلب ہے کہ اس میں دوا ڈال دی گئی ہے۔ اس طرح شیشیاں بنالیں۔ میٹھے کی گولیاں حاصل کریں۔ غانا میں افریقہ کے لئے انتظام کیا ہے۔ پلاسٹک کی شیشیوں اور گولیوں کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔

غانا میں مکرم ظفر اللہ صاحب ہومیوپیتھ اور ان کی بیگم بھی دونوں واقف زندگی ہومیوپیتھ ہیں۔ غانا کے لئے یہ ہدایت تھی کہ سارے افریقہ کے لئے یہاں سے انتظام ہو۔ مگر اس میں ان سے سستی ہوئی ہے۔ اگر غانا سے اطلاع ملی کہ دوا نہیں ملی تو آپ ذمہ دار ہوں گے۔ ویسے یہ بڑے ذہین ہیں۔ ایجادات کا سلیقہ اور طریقہ بھی آتا ہے۔ یورپ کی گولیاں بنانے والی مشینیں انہوں نے خود بنالی ہیں۔ کثرت سے گولیاں بنا بنا کر بھجوائیں تاہم جہاں گولیاں نہ پہنچ سکیں وہاں سادہ میٹھا لیکر اس میں دوائی ڈال لیں۔ تاہم یہ طریق بہتر نہیں ہے۔ تاہم اگر گولیاں نہ ملیں تو اختیار کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان بنگلہ دیش اور افریقہ کے لئے یہ ہدایت ہے کہ دوائیاں لیں اور رپورٹ دیں۔ مقامی ٹیمیں تیار کرنا نہ بھولیں۔

زندگی کی ایک ہی راہ ہے وہ ذکر الٰہی کی راہ ہے۔
(حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع)

صادقہ فضل

حضرت فاطمۃ الزہراءؓ

صادقہ فضل اپنی کتاب بنات طیبات میں فاطمۃ الزہراءؓ کے متعلق مزید لکھتی ہیں۔

پھر ان کو (حضرت علیؓ کو) اپنے ساتھ گھر لائے اور دونوں میں صلح کرادی حضرت علیؓ کو ابو تراب کہلانا بہت پسند آیا۔ حضرت علیؓ اکثر حضرت فاطمہؓ کے عمدہ اخلاق عبادت گزاری رحم دلی اور سلیقہ شعاری کی تعریف کیا کرتے تھے۔ حضرت علیؓ سے بھی آپ کو بہت محبت تھی۔ ایک بار حضرت علیؓ کو آل ہشام نے ابو جہل کی لڑکی کا رشتہ پیش کیا آپ جانتے ہیں ابو جہل کون تھا؟ دشمن اسلام تھا۔ مسلمانوں کو تنگ کرنے اور دکھ دینے میں پیش پیش تھا۔ جب آنحضرت ﷺ کو اس بات کی خبر ملی آپؐ منبر پر تشریف لائے اور خطبہ ارشاد فرمایا آل ہشام علیؓ ابن ابی طالب سے اپنی بیٹی کا نکاح کرنا چاہتی ہے۔ اور مجھ سے اس کی اجازت طلب کرتے ہیں لیکن میں اس کی کبھی اجازت نہیں دوں گا۔ البتہ علی ابن طالب میری بیٹی کو طلاق دے کر ان کی لڑکی سے نکاح کرسکتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا میں حلال کو حرام اور حرام کو حلال کرنے کے لئے نہیں کھڑا ہوا۔ لیکن خدا کی قسم ایک پیغمبر اور ایک دشمن خدا کی بیٹیاں ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتیں" نیز فرمایا "فاطمہؓ میرے جسم کا ایک ٹکڑا ہے۔ جس نے اسے تکلیف دی گویا اس نے مجھے تکلیف دی" اور اس کا حضرت علیؓ پر اس قدر اثر ہوا کہ انہوں نے حضرت فاطمہؓ کی زندگی میں دوسری شادی نہیں کی۔

ہجرت کا دسواں سال ختم ہو رہا تھا۔ قرآن کریم کی مشہور سورت نازل ہوئی۔ ترجمہ آج کے دن کافر مایوس ہوگئے۔ پس تم خوف نہ کرو مجھ سے ڈرتے رہو میں نے آج کے دن تمہارا دین پورا کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی۔ اور میں تمہارے دین سے راضی ہوا"

اس آیت مبارکہ سے مسلمان سمجھ گئے کہ حضرت رسول کریم ﷺ کا آخری وقت قریب آگیا ہے۔ حضرت رسول کریم ﷺ بخار سے بیمار ہوگئے۔ جب آپ کی تکلیف زیادہ بڑھی تو حضرت فاطمہؓ مچھلی کی طرح تڑپنے لگیں۔ اپنے پیارے باپ کی تکلیف ان سے دیکھی نہیں جاتی تھی۔ زار زار رو رہی تھیں۔ حضرت فاطمہؓ کی یہ حالت دیکھ کر حضورؐ نے ان کو قریب بلایا اور کان میں کچھ کہا حضرت فاطمہؓ رونے لگیں۔ پھر دوسرے کان میں کچھ کہا تو ہنسنے لگیں۔ حضرت فاطمہؓ سے حضرت عائشہؓ نے اس بارہ میں دریافت کیا تو حضرت فاطمہ نے جواب دیا بخدا اپنے باپ کی زندگی میں راز نہ بتاؤں گی آپ کو ۱۸ دن شدید بخار رہا۔ ساتھ سر درد کی تکلیف بھی بہت زیادہ تھی۔ شدت بخار کو دیکھ کر حضرت فاطمہؓ نے بے اختیار کہا ہائے! میرے باپ کی بے چینی۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ جب الفاظ سنے تو فرمایا "آج کے بعد تیرا باپ بے چین نہ ہوگا" آپ کے ہونٹ مبارک ہلتے نظر آتے تھے زبان پر یہ الفاظ تھے اللّٰھم رفیق الاعلیٰ۔ آخر جدائی کا دن آگیا ہجرت کا گیارھواں برس تھا ماہ ربیع الاول کی ۱۲ تاریخ تھی کہ حضرت فاطمہؓ کے سر سے مقدس ترین باپ کا سایہ اٹھ گیا۔ مسلمانوں کے سر سے نبی پاکؐ کا بابرکت سایہ اور نہایت ہی بابرکت وجود ہمیشہ کے لئے جدا ہوگیا۔

حدیث میں ذکر ہے کہ آپؐ کی وفات کے بعد کسی نے حضرت فاطمہؓ کو ہنستے مسکراتے نہیں دیکھا۔ ہر وقت اداس اور غمگین رہتیں۔ جب حضرت انسؓ تدفین سے واپس آئے۔ تو حضرت فاطمہؓ نے ان سے کہا اے انسؓ کیا تم رسول کریم ﷺ کو دفن کر آئے انہوں نے عرض کیا جی ہاں! تم نے کس دل سے اللہ کے رسول کو منوں مٹی تلے چھپا دیا پھر آپ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں۔ آپؐ سے پہلے تینوں بہنیں ایک ایک کر کے ہمیشہ کے لئے جدا ہوگئیں۔ ماں کا سایہ بھی نہ رہا تھا۔ اگرچہ حضرت علیؓ ان کی بہت زیادہ دلجوئی کرتے مگر آپ کے دل سے غم دور نہ ہوا۔ باوجود کام کاج میں مصروف ہونے کے دل ہر وقت باپ کی جدائی میں روتا رہتا تھا۔

خدا تمہاری تمام تدابیر کا شہتیر ہے

خدا تمہاری آنکھیں کھولے تا تمہیں معلوم ہو کہ تمہارا خدا تمہاری تمام تدابیر کا شہتیر ہے اگر شہتیر گر جائے تو کیا کڑیاں اپنی چھت پر قائم رہ سکتی ہیں؟ نہیں بلکہ یک دفعہ گریں گی اور احتمال ہے کہ ان سے کئی خون بھی ہو جائیں۔ اسی طرح تمہاری تدابیر خدا کی مدد کے بغیر قائم نہیں رہ سکتیں اگر تم اس سے مدد نہیں مانگو گے اور اس سے طاقت مانگنا اپنا اصول نہیں ٹھہراؤ گے تو تمہیں کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔

(حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ)

یاد رفتگان

شیخ نثار احمد

شیخ نصیر الدین صاحب مکند پوری

میرے والد محترم شیخ نصیر الدین صاحب ۱۸۵۸ء میں مکند پور ضلع جالندھر میں پیدا ہوئے۔ ایک خواب کی بناء پر حضرت بانی سلسلہ کی بیعت سے مشرف ہوئے۔ فرقہ اہلحدیث سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن سکون قلب حاصل نہ تھا۔ چنانچہ آپ نے بڑی آہ وزاری کے ساتھ دعائیں شروع کر دیں کہ مولا کریم تو ہی میری رہنمائی فرما۔ اللہ تعالیٰ نے راہنمائی فرمائی۔ آپ نے خواب میں دیکھا کہ ایک بہت بڑی بلا آپ پر حملہ کرنا چاہتی ہے لیکن آپ نے بندوق سے اس پر فائر کیا اور وہ دھوئیں کی طرح غائب ہوگئی اور پھر آپ ایک اونچی جگہ نماز باجماعت میں شامل ہو گئے۔ یہ خواب آپ نے ایک مولوی صاحب سے بیان کیا۔ اس نے تعبیر بتائی کہ آپ اپنے شیطان پر غلبہ حاصل کریں گے اور ایک صالح جماعت میں شامل ہو جائیں گے۔ اسی دوران آپ نے حضرت بانی سلسلہ کے دعویٰ کے بارے میں سنا اور قادیان پہنچ کر اپنے خواب کی طرح صورت حال کو دیکھ کر بلا چون و چرا حضرت بانی سلسلہ کے دست مبارک پر بیعت کرلی۔ حضرت بانی سلسلہ کی زبان مبارک سے آپ کو جو پیغام ملا۔ اب آپ نے کھلم کھلا اپنے رشتہ داروں اور عزیزوں اور عام لوگوں میں اس پیغام کو پہنچانا شروع کیا۔ دعوت الی اللہ کا آپ میں اس قدر جوش تھا کہ ایسے موقع پر اپنے کاروبار کی بھی بالکل پرواہ نہ کرتے بلکہ ہر ایک تک اس پیغام کو پہنچاتے صوم و صلوٰۃ کے سختی سے پابند تھے نماز تہجد باقاعدگی سے ادا فرماتے اکثر باتیں آپ پر رویاء کے ذریعہ کھل جاتی تھیں۔ بعض مقدمات میں خدا تعالیٰ نے آپ کو پہلے سے ہی بشارت دی۔ جائیداد کے ایک مقدمہ میں اپنا سب اثاثہ حتیٰ کہ گھر کے زیورات تک بھی بیچنے پڑے۔ لیکن جب مقدمہ کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو گیا تو آپ نے یہ ساری جائیداد سلسلہ عالیہ احمدیہ کے نام کر دی۔ چندہ جات صدقات و خیرات میں بڑے فراخ دل تھے۔ سلسلہ عالیہ احمدیہ اور حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی سے والہانہ عشق تھا۔ جب بھی حضرت صاحب کی خدمت میں خطوط لکھواتے تو خط کے اوپر لکھواتے "فضل عمر کی عمر دراز ہو"

ایک موقعہ پر جب حضرت صاحب کی طرف سے دعوت الی اللہ کی خاص تحریک ہوئی تو آپ بھی ایک گاؤں میں اپنے ایک ساتھی جو اس وقت کم عمر ہی تھے اور ان کا نام عبدالسلام صاحب بھنگالوی تھا کو لے کر دسوہہ گئے لوگوں نے شدید مخالفت کی لیکن آپ نے اپنا کام جاری رکھا آخر گاؤں والوں نے فیصلہ کیا کہ ان کا منہ کالا کر کے گدھے پر بیٹھا کر گلے میں جوتیوں کے ہار ڈال کر گاؤں میں گھمایا جائے عبدالسلام صاحب بھنگالوی جو والد صاحب کے ساتھ تھے انہوں نے میرے بیٹے عزیزم ڈاکٹر شیخ شریف احمد سے بیان کیا کہ اس وقت بابا صاحب بہت خوش ہوئے۔ اور کہنے لگے عبدالسلام ہماری یہ قسمت کہاں تھی جو ہمارے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے۔ یہ سب حضرت بانی سلسلہ پر ایمان لانے کی برکت ہے گاؤں کے لوگوں نے جب یہ سنا تو فوراً چھوڑ دیا۔ اس واقعہ کا ذکر کسی نے حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی سے کیا تو آپ نے فرمایا کہ نصیر الدین تو فاتح دسوہہ ہے۔ دسوہہ اس گاؤں کا نام تھا۔

ذکر الٰہی اور دعائیں ہر وقت آپ کے لبوں پر جاری رہتیں اور اکثر یہ آواز سنائی دیتی "بھلی کریں" اس آواز سے لوگ دور سے پہچان لیتے کہ والد صاحب تشریف لا رہے ہیں۔

مکند پور سے نقل مکانی کر کے آپ راولپنڈی تشریف لائے اتفاق سے حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی بھی وہیں مقیم تھے چنانچہ اپنی وفات سے چند روز قبل حضرت صاحب سے شرف ملاقات حاصل کی۔

وفات سے چند روز قبل آپ نے خواب میں دیکھا حضرت غلام احمد صاحب کریام والے تشریف لائے ہیں اور کہتے ہیں کہ "نصیر الدین اب تم بھی آجاؤ" چنانچہ اسی کے مطابق ۱۹۴۸ء میں راولپنڈی میں ۹۰ سال کی عمر میں آپ نے وفات پائی۔ اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔

